خیبرپختونخوا کے عزیزاللہ پر جرمانہ عائد

لاہور،16 ستمبر 2019ء:

خیبرپختونخوا کے فاسٹ باؤلر عزیز اللہ پر میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا ۔ فاسٹ باؤلر نے پی سی بی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی ہے۔

میچ کے دوران عزیز اللہ دانستہ طور پر حریف کھلاڑی سے ٹکرائے تھے۔ یہ واقعہ کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں سیکنڈ الیون کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوران پیش آیا جہاں خیبرپختونخواہ اور ناردرن کرکٹ ٹیموں کے درمیان میچ جاری تھا۔ واقعہ کھیل کے دوسرے روز ناردرن کرکٹ ٹیم کی بیٹنگ کے 68ویں اوور کے دوران پیش آیا۔

فاسٹ باؤلر نے پی سی بی کے ضابطہ اخلاق کے آرٹیکل 2.12 کی پہلی سطح کی خلاف ورزی کی ہے۔

میچ کے دوسرے روز کے اختتام پر فیلڈ امپائرز فیصل آفریدی اور احسن رضا نے فاسٹ باؤلر کو چارج کیا۔

عزیز اللہ نے خود پر لگے چارج کو قبول کرلیا جس کے بعد میچ ریفری کامران چوہدی نے انہیں جرمانے کی سزا سنائی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk